نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت صوبہ میں کپاس کی صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

پنجاب میں اب تک 27 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 18 مئی 2025:( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے بر عکس اب تک 27 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت ہو چکی ہے۔ یہ بات انھوں نے صوبہ میں کپاس کی صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت کا ہدف اگلے 10 روز میں حاصلِ کر لیا جائے گا۔ اگیتی کپاس کی نگہداشت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ابھی تک کپاس کی فصل کیڑوں اور بیماریوں کے حملہ سے محفوظ ہے۔ حالیہ گرمی کی لہر کے دوران کپاس کیلئے خصوصی ایڈوائزری فراہم کی جا رہی ہے۔ کپاس کی بہتر نگہداشت بارے ٹیکنیکل کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں جن میں ماہرین سمیت ترقی پسند کاشتکار شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کپاس کے علاقوں میں نہری پانی کی وافر فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈاکٹر عبدالقیوم و دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆